## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

**Islamabad, the 10th June, 2024**

Pursuant to rule 235 (4) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, the following reports of the Standing Committee, presented in the National Assembly on 10th June, 2024, is published for information:

I, Chairman of the Standing Committee on Information and Broadcasting have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (XXXII of 1973) [The Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Bill, 2023], (Ordinance No. II of 2023) referred to the Committee on 15th March, 2024.

**2.** The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **(1).** | **Syed Naveed Qamar** | **Chairman** |
| (2). | Mr. Bilal Azhar Kiyani | Member |
| (3). | Syed Amin-ul-Haq | Member |
| 4). | Mr. Noor Alam Khan | Member |
| 5). | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 6). | Mr. Muhammad Awn Saqlain | Member |
| 7). | Mr. Hussain Ellahi | Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annexure-A, in its meeting held on 06-06-2024 and proposed the following amendments, therein: -

1. <u>Clause-2</u>

Existing clause 2, shall be omitted and the following new clause 2, shall be inserted, namely: -

"**2. Amendment of section 2, Act XXXII of 1973.** — In the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (No. XXXII of 1973), hereinafter referred as the said Act, in section 2,–

(a) after clause (c), the following new clause shall be inserted, namely:–

"(ca) "division concerned" means the division to which business of the Corporation stands allocated;"

(b) after clause (f), the following new clauses shall be added, namely: -

"(fa) "secretary" shall have the same meaning as assigned thereto in the Rules of Business, 1973;

(fb) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023); and"."

2. **Clause-3**

For clause 3 the following shall be substituted, namely: -

"3. **Amendment of section 4, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 4, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:–

"(1) The general direction and the administration of the Corporation shall vest in a Board consisting of –

| S. No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| 1. | A person to be appointed by the Federal Government from amongst the independent members | *Chairman* |
| 2. | Secretary of the division concerned or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 3. | Additional Foreign Secretary or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 4. | Additional Secretary Finance or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 5. | Director General, Inter-Services Public Relations (ISPR) or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 6. | Managing Director, Pakistan Television Corporation or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 7. | Director General | *Member-cum-Secretary* |
| 8. | A representative of the Interior Division not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 9. | Nine eminent independent members to be appointed by the Federal Government including not less than one from each province, Islamabad Capital Territory, Gilgit-Baltistan and Azad Jammu and Kashmir | *Members*". |

3. **Insertion of new clause 4**

After clause 3, the following new clause 4 shall be inserted and the existing clause 4 shall be renumbered as clause 5, namely: -

"**4. Amendment of section 6, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, for section 6, the following shall be substituted, namely:-

"**6. Removal of independent members.-** The Federal Government may, by notification in the official Gazette, remove an independent member in accordance with the provisions of the SOE Act."."

4. **Clause-4**

In clause 4, renumbered as clause-5, the proposed sub-section (2) shall be substituted with the following, namely: -

"(2) Not less than fifty percent of total membership of the Board including not less than four independent and one *ex-officio* members shall constitute quorum for a meeting of the Board."

5. **Clause-5**

For clause 5, renumbered as clause 6, the following shall be substituted, namely:-

"**6. Amendment of section 8, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 8, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) There shall be a Director General of the Corporation who shall be its chief executive officer to be appointed by the Board in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed by the Board.".

6. **Insertion of new clauses and omission of existing clause 6**

After clause 5, renumbered as clause-6, following new clause 7 and 8 shall be inserted and the existing clause 6 shall be omitted: -

"**7. Amendment of section 14, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 14, for the words "Federal Government", occurring twice, the word "Board" shall be substituted.

**8. Amendment of section 16, Act XXXII of 1973.** - In the said Act, in section 16,-

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The accounts of the Corporation shall be maintained and audited in accordance with the provisions of Articles 169 and 170 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.";

(b) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "secretary finance division through the secretary of the division concerned" shall be substituted; and

(c) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "secretary finance division through the secretary of the division concerned" shall be substituted."

4. The Committee recommended that the Bill, as amended by the Standing Committee placed at **Annexure-B,** may be passed by the National Assembly.

Sd/-

**( TAHIR HUSSAIN )**
Secretary General
Islamabad, the 7th June, 2024

Sd/-

**(SYED NAVEED QAMAR)**
Chairman
Standing Committee on Information & Broadcasting

ANNEX-A

**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

ORDINANCE NO. II OF 2023

AN

ORDINANCE

*further to amend the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (XXXII of 1973);

AND WHEREAS, the National Assembly stands dissolved and the Senate is not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance: —

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Ordinance, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of section 3A, Act XXXII of 1973.**—In the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (XXXII of 1973), hereinafter called as the said Act, after section 3, the following new section shall be inserted, namely:—

> "3A. **Application of Act VII of 2023.**—(1) The provisions of the State-owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023) shall apply to the Pakistan Broadcasting Corporation which shall be deemed to be a state-owned Enterprise for the purposes of the said Act.
>
> (2) Where any inconsistency arises in a provision of the said Act and a provision of this Act for the purpose of governance of the corporation as a state-owned enterprise, the provisions of the said Act shall prevail.".

3. **Substitution of section 4, Act XXXII of 1973.**—In the said Act, for section 4, the following shall be substituted, namely:—

"4. **Board.**—(1) The general direction and the administration of the Corporation shall vest in a Board consisting of —

| S.No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| 1. | Secretary of the division to which business of the Corporation stands allocated | *Chairman* |
| 2. | Additional Foreign Secretary | *Member* |
| 3. | Additional Secretary Finance | *Member* |
| 4. | Director General, Inter-Services Public Relations (ISPR) | *Member* |
| 5. | Managing Director, Pakistan Television Corporation | *Member* |
| 6. | Director General | *Member-cum-Secretary* |
| 7. | A representative of the Interior Division | *Member* |
| 8. | Nine eminent persons, as Independent Directors, to be appointed by the Federal Government, including at least one from each province, Islamabad Capital Territory, Gilgit-Baltistan and Azad Jammu and Kashmir | *Member* |

(2) The members, other than ex-officio members, shall hold office for a term of three years and shall be eligible for re-appointment but in no case for more than two consecutive terms and they may, by writing under their hand addressed to the Federal Government by giving a notice of not less than one month, resign their offices:

Provided that the resignation shall not take effect until it has been accepted by the Federal Government.

(3) In particular and without prejudice to the generality of the provisions of sub-section (1), the Board shall have full powers with regard to—

(a) the preparation of the annual revenue budget of the Corporation and approval of the budget and expenditure not included in its annual budget for capital and development expenditure;

(b) the formulation and implementation of all programs and policies; and

(c) the making of plans for infrastructural and technological development within the country and for promotion of the Corporation's interests abroad.".

4. **Amendment of section 7, Act XXXII of 1973.**—In the said Act, in section 7, for sub-section 2, the following shall be substituted, namely:—

(2) The quorum for a meeting of the Board shall be one-third of its total membership".

5. **Substitution of section 8, Act XXXII of 1973.**—In the said Act, for section 8, the following shall be substituted, namely:

"8. **Director General.**—(1) There shall be a Director General of the Corporation to be appointed by the Federal Government on recommendation of the Board in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed.

(2) The Director General shall be the chief executive officer of the Corporation and—

(a) be responsible for the management of the Corporation and for its procedures in financial and other matters under delegation from the Board and subject to the oversight and directions of the Board;

(b) ensure the proper implementation of strategies and policies approved by the Board: and

(c) put in place appropriate arrangements to ensure that funds and resources are properly safeguarded and are used economically, efficiently and effectively and in accordance with the state-owned enterprise business plan, the primary objective and all statutory obligations.".

6. **Insertion of new section 22 A, Act XXXII of 1973.**—In the said Act, for section 22, the following shall be inserted. namely:—

"22A. **Removal of difficulties.**—If any difficulty arises in giving effect to any of the provisions of this Ordinance, the Federal Government may make such order, not inconsistent with the provisions of this Ordinance, as may appear to be necessary for the purpose of removing the difficulty.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Recently, under IMF structural benchmark and performance criteria, State-owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (SOE Act, 2023) has come into force to improve the governance and operations of State-owned enterprises including Pakistan Broadcasting Corporation (PBC).

2. In order to fulfill the conditions of IMF, there was a need to bring PBC Act, 1973 in conformity with the provisions of SOE Act, 2023. Therefore, any provision in the PBC Act, which is in conflict with any provision of SOE Act, shall be overridden by the relevant provision of the SOE Act.

3. As the SOE Act requires that the independent Directors/ private members should be greater in number than the ex-officio members in the Board of a State-owned enterprise, the constitution of the PBC Board has been changed by increasing the independent Directors/ private members from four (04) to nine (09), giving them majority over ex-officio members

4. Previously, only four Independent Directors/ private members, representing each province, were included in the Board. By increasing the number of Independent Directors/ private members, representation has been given to Islamabad Capital Territory, Gilgit-Baltistan and Azad Jammu and Kashmir besides four provinces.

5. The role of the PBC Board has been made decisive in the appointment of Director General, PBC. The Federal Government shall appoint Director General on the recommendation of the Board.

**(Attaullah Tarar)**
Minister for Information & Broadcasting

**Annex-B**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (XXXII of 1973) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XXXII of 1973.** — In the Pakistan Broadcasting Corporation Act, 1973 (No. XXXII of 1973), hereinafter referred as the said Act, in section 2,–

(a) after clause (c), the following new clause shall be inserted, namely:–

"(ca) "division concerned" means the division to which business of the Corporation stands allocated;" ;

(b) after clause (f), the following new clause shall be added, namely: -

"(fa) "secretary" shall have the same meaning as assigned thereto in the Rules of Business, 1973;

(fb) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023); and".

3. **Amendment of section 4, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 4, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:–

"(1) The general direction and the administration of the Corporation shall vest in a Board consisting of –

| S. No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| 1. | A person to be appointed by the Federal Government from amongst the independent members | *Chairman* |
| 2. | Secretary of the division concerned or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 3. | Additional Foreign Secretary or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 4. | Additional Secretary Finance or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |

| | | |
|---|---|---|
| 5. | Director General, Inter-Services Public Relations (ISPR) or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 6. | Managing Director, Pakistan Television Corporation or in his absence his nominee not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 7. | Director General | *Member-cum-Secretary* |
| 8. | A representative of the Interior Division not below the rank of an officer in BPS-20 or equivalent | *Member* |
| 9. | Nine eminent independent members to be appointed by the Federal Government including not less than one from each province, Islamabad Capital Territory, Gilgit-Baltistan and Azad Jammu and Kashmir | *Members".* |

**4. Amendment of section 6, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, for section 6, the following shall be substituted, namely:–

> **"6. Removal of independent members.-** The Federal Government may, by notification in the official Gazette, remove an independent member in accordance with the provisions of the SOE Act.".

**5. Amendment of section 7, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 7, for sub-section (2), the following shall be substituted, namely: —

> "(2) Not less than fifty percent of total membership of the Board including not less than four independent and one *ex officio* members shall constitute quorum for a meeting of the Board.".

**6. Amendment of section 8, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 8, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:–

> "(1) There shall be a Director General of the Corporation who shall be its chief executive officer to be appointed by the Board in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed by the Board.".

**7. Amendment of section 14, Act XXXII of 1973.** — In the said Act, in section 14, for the words "Federal Government", occurring twice, the word "Board" shall be substituted.

**8. Amendment of section 16, Act XXXII of 1973.** - In the said Act, in section 16,–

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:–

> "(1) The accounts of the Corporation shall be maintained and audited in accordance with the provisions of Articles 169 and 170 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.";

(b) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "secretary finance division through the secretary of the division concerned" shall be substituted; and

(c) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "secretary finance division through the secretary of the division concerned" shall be substituted.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Recently, under IMF structural benchmark and performance criteria, State-owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (SOE Act, 2023) has come into force to improve the governance and operations of State-owned enterprises including Pakistan -Broadcasting Corporation (PBC)

In order to fulfill the conditions of IMF, there was a need to bring 'PBC Act, 1973 in conformity with the provisions of SOE Act, 2023. Therefore, any provision in the PBC Act, which is in conflict with any provision of SOE Act, shall be overridden by the relevant provision of the SOE Act

2. As the SOE Act requires that the independent Directors/ private members should be greater in number than the ex-officio members in the Board of a State-owned enterprise, the constitution of the PBC Board has been changed by increasing the independent Directors/ private members from four (04) to nine (09), giving them majority over ex-officio members .

3. Previously, only four Independent Directors/ private members, representing each province, were included in the Board. By increasing the number of Independent Directors/ private members, representation has been given to Islamabad Capital Territory, Gilgit-Baltistan and Azad Jammu and Kashmir besides four provinces.

4. The role of the PBC Board has- been made decisive in the appointment of Director General, PBC. The Federal Government shall appoint Director General' on the recommendation of the Board.

Sd/-
**(MINISTER IN-CHARGE)**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## "پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء" پر قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات ۱۵ مارچ، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء] (آرڈیننس نمبر ۲ بابت ۲۰۲۳ء) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | سید نوید قمر | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب بلال اظہر کیانی | رکن |
| ۳۔ | سید امین الحق | رکن |
| ۴۔ | جناب نور عالم خان | رکن |
| ۵۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۷۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |

۳۔ کمیٹی نے ۶ ر جون، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

۱۔ **شق ۲**

موجودہ شق ۲ کو حذف کر دیا جائے اور حسب ذیل نئی شق ۲ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء)، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے میں، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے، یعنی:۔

"(ج الف) "متعلقہ ڈویژن" سے وہ ڈویژن مراد ہے جسے کارپوریشن کے امور تفویض کئے گئے ہیں؛"

(ب) شق (د) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے، یعنی:۔

"(د الف) "سیکرٹری" کے وہی معنی ہوں گے جو کہ قواعد انصرام کار، ۱۹۷۳ء میں اس سے منسوب کئے گئے ہیں؛

(د ب) "ایس او ای ایکٹ" سے سرکاری کاروباری ادارے (نظم ونسق اور فعالیت) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء)؛ نیز"۔"

۲۔ **شق ۳**

شق ۳ کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۴ میں ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) کارپوریشن کا انتظام اور عمومی ہدایت کا اختیار بورڈ کو حاصل ہو گا جو حسب ذیل پر مشتمل ہو گا:۔

| حیثیت | رکنیت | نمبر شمار |
|---|---|---|
| (۳) | (۲) | (۱) |
| چیئرمین | وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد اراکین میں سے ایک شخص کو مقرر کیا جائے گا۔ | ۱ |
| رکن | متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے برابر کا ہو | ۲ |
| رکن | ایڈیشنل سیکرٹری خارجہ یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر کا ہو | ۳ |
| رکن | ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | ۴ |
| رکن | ڈائریکٹر جنرل، بین الخدماتی تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس۔ ۲۰ کے افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | ۵ |
| رکن | مینیجنگ ڈائریکٹر، پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس۔۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | ۶ |
| رکن بطور سیکرٹری | ڈائریکٹر جنرل | ۷ |
| رکن | داخلہ ڈویژن کا ایک نمائندہ جو بی پی ایس۔۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | ۸ |
| اراکین''۔ | وفاقی حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نو معروف آزاد اراکین بشمول ہر ایک صوبہ، اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر سے کم از کم ایک رکن۔ | ۹ |

۳۔ **نئی شق ۴ کی شمولیت**

شق ۳ کے بعد حسب ذیل نئی شق ۴ شامل کر دی جائے گی اور موجودہ شق ۴ کو شق ۵ کے طور پر دوبارہ شمار کیا جائے گا، یعنی:۔

''۴۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۶ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۶۔ **آزاد اراکین کی برطرفی۔** وفاقی حکومت ایس او ای ایکٹ کی تصریحات کے مطابق سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے آزاد رکن کو برطرف کر سکتی ہے۔''۔''

۴۔ **شق ۴**

شق ۵ کے طور پر دوبارہ شمار کردہ شق ۴ میں، مجوزہ ذیلی دفعہ (۲) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۲) بورڈ کے اجلاس کا کورم بورڈ کے کل اراکین کے کم از کم پچاس فیصد بشمول کم از کم چار آزاد اراکین اور ایک رکن بلحاظ عہدہ پر تشکیل پائے گا۔''

۵۔ **شق ۵**

شق ۶ کے طور پر دوبارہ شمار کردہ شق ۵ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۶۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۸ میں ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱) کارپوریشن کا ڈائریکٹر جنرل ہو گا جو اس کا چیف ایگزیکٹو آفیسر ہو گا جس کی تقرری بورڈ کی جانب سے مجوزہ طریق کار اور قیود و شرائط کے تحت بورڈ کرے گا۔''۔

۶۔ **نئی شق کی شمولیت اور موجودہ شق ۶ کا حذف کرنا**

شق ۶ کے طور پر دوبارہ شمار کردہ شق ۵ کے بعد حسب ذیل نئی شق ۶ اور ۷ شامل کر دی جائے گی اور موجودہ شق ۶ حذف کر دی جائے گی:۔

"۷۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ میں، دو مرتبہ آنے والے الفاظ "وفاقی حکومت" کو لفظ "بورڈ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۶ میں،۔

(الف) ذیلی شق (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) کارپوریشن کے اکاؤنٹس اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۶۹ اور ۱۷۰ کی تصریحات کے مطابق برقرار رکھے جائیں گے اور آڈٹ کیا جائے گا۔"؛

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کی بجائے الفاظ "متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری کے ذریعے سیکرٹری خزانہ ڈویژن" تبدیل کر دیئے جائیں گے؛ اور

(ج) ذیلی شق (۴) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کی بجائے الفاظ "متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری کے ذریعے سیکرٹری خزانہ ڈویژن" تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

(۴) کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی کی ترمیم کردہ صورت میں منسلکہ۔ب پر بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔

**(طاہر حسین)**

سیکرٹری جنرل

اسلام آباد، ۷/جون، ۲۰۲۴ء

دستخط/۔

**(سید نوید قمر)**

چیئرمین

قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات

مسلکہ۔الف

## [قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## آرڈیننس نمبر ۲ مجریہ ۲۰۲۳ء

## پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

چونکہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، قومی اسمبلی تحلیل ہو چکی ہے اور سینٹ کا اجلاس نہیں ہو رہا اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری اقدامات کرنا ضروری ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رُو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء میں، دفعہ ۳الف کی شمولیت:۔** پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ ۱۹۷۳ (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء)، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا جائے گا، کی دفعہ ۳ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳الف۔ **ایکٹ ۷ بابت ۲۰۲۳ء کا اطلاق:۔** ریاستی ملکیتی انٹرپرائز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء) کا پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن پر اطلاق ہو گا جو مذکورہ ایکٹ کی اغراض کے لیے ریاستی ملکیتی انٹرپرائز متصور ہو گا۔

(۲) جہاں مذکورہ ایکٹ کے کسی حکم یا اس ایکٹ کے کسی حکم میں کارپوریشن کو بطور ریاستی ملکیتی انٹرپرائز چلانے کی غرض کے لیے کوئی تضاد پیدا ہو تو، مذکورہ ایکٹ کی دفعات غالب ہوں گی۔"۔

۳۔ **ایکٹ ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۴ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۴۔ **بورڈ:۔** (۱) کارپوریشن کی عمومی نگرانی اور انتظام بورڈ کو تفویض ہو گا جو حسب ذیل پر مشتمل ہو گا۔

| نمبر شمار | رکنیت | حیثیت |
|---|---|---|
| (۱) | (۲) | (۳) |
| ۱ | اس ڈویژن کا سیکرٹری جس کو کارپوریشن کے امور مختص ہوں گے | چیئرمین |
| ۲ | ایڈیشنل سیکرٹری خارجہ | رکن |

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ | رکن |
| ۴ | ڈائریکٹر جنرل، انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (ISPR) | رکن |
| ۵ | مینجنگ ڈائریکٹر، پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن | رکن |
| ۶ | ڈائریکٹر جنرل | سیکرٹری/رکن |
| ۷ | وزارت داخلہ کا نمائندہ | رکن |
| ۸ | آزاد ڈائریکٹرز کے طور پر نو معروف اشخاص، اس میں ہر صوبے، دار لحکومت اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر سے کم از کم ایک رکن شامل ہے، جن کی تقرری وفاقی حکومت کی جانب سے کی جائے گی | رکن |

(۲) بر بنائے اراکین کے علاوہ اراکین تین سال کی مدت کے لیے اپنے عہدے پر فائز ہوں گے اور دوبارہ تقرری کے لیے اہل ہوں گے۔ لیکن کسی بھی صورت میں مسلسل دو میعادوں سے زائد کے اہل نہیں ہوں گے اور وہ، وفاقی حکومت کے نام اپنی زیر دستخطی تحریر کے ذریعے کم از کم ایک ماہ کا نوٹس دے کر اپنے عہدے سے مستعفی ہو سکیں گے :

مگر شرط یہ ہے کہ استعفیٰ اس وقت تک موثر نہیں ہو گا تاوقتیکہ وفاقی حکومت اسے قبول نہ کرے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کی عمومیت کو متناقص کئے بغیر، بورڈ کو حسب ذیل کی نسبت مکمل اختیار ہو گا۔

(الف) کارپوریشن کے سالانہ ریونیو بجٹ کی تیاری اور بجٹ اور اخراجات کی منظوری جو اسکے سرمائے اور ترقیاتی اخراجات کے سالانہ بجٹ میں شامل نہیں ہیں۔

(ب) جملہ پروگرام اور پالیسیوں کو مرتب اور ان پر عملدرآمد؛ اور

(ج) اندروں ملک بنیادی ڈھانچے اور تکنیکی ترقی اور بیرون ملک کارپوریشن کے مفادات کے فروغ کے لیے منصوبے مرتب کرنا"۔

۴۔ **ایکٹ ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۷ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲) بورڈ کے اجلاس کا کورم اس کے کل اراکین کی رکنیت کا ایک تہائی ہو گا"۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۸ کی تبدیلی:** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۸ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۸۔ **ڈائریکٹر جنرل:۔** (۱) کارپوریشن کا ایک ڈائریکٹر جنرل ہو گا جسکی وفاقی حکومت کی جانب سے بورڈ کی سفارشات پر ایسے طریقہ کار میں اور ایسی شرائط و ضوابط پر تقرری کی جائے گی جیسا کہ صراحت کی گئی ہو۔

(۲) ڈائریکٹر جنرل کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو افسر ہو گا اور حسب ذیل امور کا ذمے دار ہو گا۔

(الف) کارپوریشن کے انتظام اور بورڈ کے زیر تفویض مالی و دیگر امور میں اس کے عمل درآمد کے لیے ذمے دار ہو گا اور بورڈ کی نگرانی اور ہدایات کا پابند ہو گا؛ اور

(ب) بورڈ کی منظور شدہ حکمت عملیوں اور پالیسیوں کی مناسب تعمیل کو یقینی بنائے گا؛ اور

(ج) فنڈز اور وسائل کو مناسب طریقے سے محفوظ کرنے کے عمل کو یقینی بنائے اور ان کا کفایت شعاری، موثر اور پر اثر طریقے سے اور سرکاری ملکیتی ادارے کے مطابق انٹرپرائز بزنس پلان، بنیادی مقصد اور تمام قانونی ذمے داریوں کے مطابق استعمال کرنے کے لیے معقول انتظامات کرے گا۔"۔

۶۔ **ایکٹ ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء کی نئی دفعہ ۲۲ الف کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۲ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۲۲ الف۔ ازالہ مشکلات:۔** اگر اس ایکٹ کے کسی بھی حکم کو موثر بنانے میں کوئی مشکل در پیش ہو تو، وفاقی حکومت ایسا حکم جو اس آرڈیننس کے ساتھ متصادم نہ ہو جو اُسے مشکل کو ختم کرنے کی غرض سے ضروری معلوم ہو، وضع کر سکے گی۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

۱۔ حال ہی میں، آئی ایم ایف کے ڈھانچہ جاتی اور کارکردگی کے معیار کے تحت، ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام و آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایس او ای ایکٹ، ۲۰۲۳ء) نافذ العمل ہو چکا ہے تا کہ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (پی بی سی) سمیت ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں کے انتظام اور آپریشنز کو بہتر بنایا جائے۔

۲۔ آئی ایم ایف کی شرائط کو پورا کرنے کے لیے پی بی سی ایکٹ، ۱۹۷۳ء کو ایس او ای ایکٹ، ۲۰۲۳ء کی تصریحات کے ساتھ ہم آہنگ بنانے کی ضرورت تھی۔ اس لئے پی بی سی ایکٹ میں کوئی تصریح جو ایس او ای ایکٹ کی کسی تصریح کے تضاد میں ہو تو وہ ایس او ای ایکٹ کی متعلقہ تصریح کے ساتھ منسوخ ہو جائے گی۔

۳۔ جیسا کہ ایس او ای ایکٹ تقاضا کرتا ہے کہ ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے کے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد اراکین بلحاظ عہدہ کی تعداد سے زیادہ ہو گی اس لیے آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد میں چار (۰۴) سے نو (۰۹) تک اضافہ کر کے انہیں اراکین بلحاظ عہدہ پر اکثریت دیتے ہوئے پی بی سی بورڈ کی تشکیل کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔

۴۔ پہلے صرف چار آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین بورڈ میں شامل تھے جو ہر ایک صوبے کی نمائندگی کرتے تھے۔ آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد میں اضافہ کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے علاوہ علاقہ دار لحکومت اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کو نمائندگی دی گئی ہے۔

۵۔ ڈائریکٹر جنرل پی بی سی کی تقرری میں پی بی سی بورڈ کے کردار کو فیصلہ کن بنایا گیا ہے۔ وفاقی حکومت بورڈ کی سفارش پر ڈائریکٹر جنرل کا تقرر کرے گی۔

**دستخط/۔**

**وزیر انچارج**

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:** (۱) یہ ایکٹ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء)، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے میں، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے، یعنی:۔

"(ج الف) "متعلقہ ڈویژن" سے وہ ڈویژن مراد ہے جسے کارپوریشن کے امور تفویض کئے گئے ہیں؛"

(ب) شق (و) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے، یعنی:۔

"(والف) "سیکرٹری" کے وہی معنی ہوں گے جو کہ قواعد انصرام کار، ۱۹۷۳ء میں اس سے منسوب کئے گئے ہیں؛

(وب) "ایس او ای ایکٹ" سے سرکاری کاروباری ادارے (نظم و نسق اور فعالیت) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء)؛ نیز"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۴ میں ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) کارپوریشن کا انتظام اور عمومی ہدایت کا اختیار بورڈ کو حاصل ہوگا جو حسب ذیل پر مشتمل ہوگا:۔

| نمبر شمار | رکنیت | حیثیت |
|---|---|---|
| (۱) | (۲) | (۳) |
| ۱ | وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد اراکین میں سے ایک شخص کو مقرر کیا جائے گا۔ | چیئرمین |
| ۲ | متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے برابر کا ہو | رکن |
| ۳ | ایڈیشنل سیکرٹری خارجہ یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر کا ہو | رکن |
| ۴ | ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس ۲۰ کے | رکن |

| | | |
|---|---|---|
| | افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | |
| ۵ | ڈائریکٹر جنرل، بین الخدماتی تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس۔ ۲۰ کے افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | رکن |
| ۶ | مینیجنگ ڈائریکٹر، پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن یا اس کی غیر موجودگی میں ان کا نامزد کردہ شخص جو بی پی ایس۔۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | رکن |
| ۷ | ڈائریکٹر جنرل | رکن بطور سیکرٹری |
| ۸ | داخلہ ڈویژن کا ایک نمائندہ جو بی پی ایس۔۲۰ کے افسر کے عہدہ سے کم نہ ہو یا اس کے برابر ہو | رکن |
| ۹ | وفاقی حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نو معروف آزاد اراکین بشمول ہر ایک صوبہ، اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر سے کم از کم ایک رکن۔ | اراکین"۔ |

۴۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۶ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۶۔ **آزاد اراکین کی برطرفی۔** وفاقی حکومت ایس او ای ایکٹ کی تصریحات کے مطابق سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے آزاد رکن کو برطرف کر سکتی ہے۔"۔

۵۔ **ایکٹ ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۷ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

" (۲) بورڈ کے اجلاس کا کورم بورڈ کے کل اراکین کے کم از کم پچاس فیصد بشمول کم از کم چار آزاد اراکین اور ایک رکن بلحاظ عہدہ پر تشکیل پائے گا۔"

۶۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۸ میں ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) کارپوریشن کا ڈائریکٹر جنرل ہو گا جو اس کا چیف ایگزیکٹو آفیسر ہو گا جس کی تقرری بورڈ کی جانب سے مجوزہ طریق کار اور قیود و شرائط کے تحت بورڈ کرے گا۔"۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ میں، دو مرتبہ آنے والے الفاظ "وفاقی حکومت" کو لفظ "بورڈ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ نمبر ۳۲ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۶ میں۔

(الف) ذیلی شق (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) کارپوریشن کے اکاؤنٹس اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۶۹ اور ۱۷۰ کی تصریحات کے مطابق برقرار رکھے جائیں گے اور آڈٹ کیا جائے گا۔"؛

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کی بجائے الفاظ "متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری کے ذریعے سیکرٹری خزانہ ڈویژن" تبدیل کر دیئے جائیں گے؛ اور

(ج) ذیلی شق (۴) میں، الفاظ "وفاقی حکومت " کی بجائے الفاظ "متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری کے ذریعے سیکرٹری خزانہ ڈویژن" تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

۱۔ حال ہی میں، آئی ایم ایف کے ڈھانچہ جاتی اور کارکردگی کے معیار کے تحت، ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام و آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایس او ای ایکٹ، ۲۰۲۳ء) نافذ العمل ہو چکا ہے تاکہ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (پی بی سی) سمیت ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں کے انتظام اور آپریشنز کو بہتر بنایا جائے۔

۲۔ آئی ایم ایف کی شرائط کو پورا کرنے کے لیے پی بی سی ایکٹ، ۱۹۷۳ء کو ایس او ای ایکٹ، ۲۰۲۳ء کی تصریحات کے ساتھ ہم آہنگ بنانے کی ضرورت تھی۔ اس لئے پی بی سی ایکٹ میں کوئی تصریح جو ایس او ای ایکٹ کی کسی تصریح کے تضاد میں ہو تو وہ ایس او ای ایکٹ کی متعلقہ تصریح کے ساتھ منسوخ ہو جائے گی۔

۳۔ جیسا کہ ایس او ای ایکٹ تقاضا کرتا ہے کہ ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے کے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد اراکین بلحاظ عہدہ کی تعداد سے زیادہ ہو گی اس لیے آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد میں چار (۰۴) سے نو (۰۹) تک اضافہ کر کے انہیں اراکین بلحاظ عہدہ پر اکثریت دیتے ہوئے پی بی سی بورڈ کی تشکیل کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔

۴۔ پہلے صرف چار آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین بورڈ میں شامل تھے جو ہر ایک صوبے کی نمائندگی کرتے تھے۔ آزاد ڈائریکٹرز / نجی اراکین کی تعداد میں اضافہ کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے علاوہ علاقہ دار الحکومت اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کو نمائندگی دی گئی ہے۔

۵۔ ڈائریکٹر جنرل پی بی سی کی تقرری میں پی بی سی بورڈ کے کردار کو فیصلہ کن بنایا گیا ہے۔ وفاقی حکومت بورڈ کی سفارش پر ڈائریکٹر جنرل کا تقرر کرے گی۔

دستخط/-

**(وزیر انچارج)**